فوری ریلیز کے لیے: 9/12/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی تحفظ کے 18 پولیس افسران کی گریجویشن کا اعلان کیا ہے

نئے بھرتی شدگان کی ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن (محکمہ ماحولیاتی تحفظ) کے نفاذِ قانون کے ڈویژن کے رینکس میں شمولیت

ماحولیاتی تحفظ کے افسران پر نیویارک کے باشندوں کی حفاظت، ماحولیاتی جرائم کی تحقیقات، اور مچھلی اور جنگلی حیات کے تحفظ کی ذمہ داری عائد

گورنر Kathy Hochul تیئسویں بنیادی اسکول برائے ماحولیاتی تحفظ کے پولیس افسران سے 18 نئے گریجویٹس کا اعلان کر دیا۔ ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے ڈویژن برائے نفاذِ قانون کے حصے کے طور پر، افسران ریاست بھر میں کمیونٹیز میں مچھلی اور جنگلی حیات کے تحفظ اور نیویارک بھر میں ماحولیاتی معیار کو محفوظ رکھنے کے لیے کام کریں گے۔ سیراکیوز کے ریاست نیو یارک فیئر گراؤنڈز کے امپائر ایکسپو سینٹر میں منعقد ہونے والی تقریب میں اُن گریجویٹس کا جشن منایا گیا جنہوں نے کلاس روم اور فیلڈ میں قانون کے نفاذ اور قدرتی وسائل کی چھ ماہ کی تربیت مکمل کی۔

"یہ انتہائی اہم ہے کہ نیویارک کے قدرتی وسائل کی حفاظت کی جائے اور جو لوگ ان کا استحصال کرنا چاہتے ہیں ان کا احتساب کیا جائے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں نئے فارغ التحصیل افراد کو ریاست بھر میں ہماری زمینوں اور پانیوں میں گشت و نگرانی کرنے والے ماحولیاتی تحفظ کے سینکڑوں دیگر وقف افسران کے رینکس میں شامل ہونے کے لیے ان کی محنت و کوشش پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور ہم ان کے لیے طویل، محفوظ اور مکمل کیریئر کی خواہش رکھتے ہیں۔"

گزشتہ چھ مہینوں سے، ماحولیاتی تحفظ کے پولیس افسر (Environmental Conservation Police Officer، ECO) کی بھرتیوں نے پلاسکی، اوسویگو کاؤنٹی میں اکیڈمی میں 1,000 گھنٹے سے زائد تربیت مکمل کی، جو کئی سالوں سے ان کے لیے تربیت گاہ کے طور پر کام کر رہی ہے۔ چونکہ پہلے ہفتوں میں ابتدائی طور پر پولیس کی بنیادی مہارتوں پر توجہ مرکوز کی گئی جیسا کہ جسمانی تربیت، مشق اور رسمی طریقے، اور کمپیوٹر کے اسباق، وغیرہ، نئی بھرتیوں نے دیگر مہارتوں کے علاوہ آتش گیر اسلحے کی تربیت، ہنگامی گاڑیوں کی کارروائیاں، کیمیکل ویسٹ ڈمپنگ، اور شکاریوں کی شناخت سمیت زیادہ گہرائی سے ہدایات بھی حاصل کیں۔ آغاز کرنے والی نئی 20 بھرتیوں میں سے، ٹریننگ ختم ہونے کے بعد 18 باقی رہے اور کل 305 حلف لینے والے افسران DEC کی ECO فورس میں شامل ہوں گے۔

ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "ہماری نئی ECO کلاس نے ایک با مشقت تربیتی عمل کے ذریعے آگے بڑھ کر اپنے ساتھی افسران کے ریاست بھر کی کمیونٹیز میں مشکل لیکن فائدہ مند قانون نافذ کرنے والے کام میں شمولیت اختیار کی ہے۔ آلودگی پھیلانے والوں، غیر قانونی ڈمپرز اور شکاریوں کو روکنے، عوامی تحفظ کی حفاظت، اور نیویارک کے قدرتی وسائل کے لیے عوامی ستائش بڑھانے کے لیے کمیونٹیز کو شامل کرنے کے لیے مجھے ان نئے افسران اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ کام کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔"

ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے ڈویژن کے نفاذِ قانون کی ڈائریکٹر Karen Przyklek نے کہا، "ان چھ ماہ کی تربیت سے ہمارے نئے بھرتی کردہ افراد کو عام قانون کے نفاذ اور ماحولیاتی قانون دونوں شعبوں میں مختلف کام کے بوجھ کا سامنا کرنے کے لیے تیار کرنے میں مدد ملی۔ ہمارے افسران ہر روز نیو یارک کے باشندوں کو ماحولیاتی آلودگی اور استحصال سے بچانے کی کوششوں میں، صاف ہوا اور پانی کے ضوابط کو نافذ کرنے سے لے کر، مچھلی اور جنگلی حیات کے قوانین کی حمایت کرنے اور بڑے پیمانے پر ماحولیاتی جرائم کی تحقیقات تک متعدد کیسز پر کام کر رہے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ ہمارے نئے افسران ماحولیاتی تحفظ کی اس بھرپور روایت کو جاری رکھنے کے لیے تیار ہیں۔"

انوائرمنٹل کنزرویشن پولیس افسر کا ٹائٹل، کئی دہائیوں کے دوران اپنے ارتقاء کی مختلف صورتوں میں، ریاست نیو یارک کی ریاست بھر میں نفاذ کی سب سے قدیم ملازمت ہے۔ اصل میں، گیم پروٹیکٹرز کی سب سے پہلے 1880 میں سروس کے لیے تقرری کی گئی تھی اور ڈویژن کی قابل فخر تاریخ 140 سال بعد بھی جاری ہے۔ صرف گزشتہ سال، ECOs اور تفتیش کاروں نے 26,000 سے زائد کالوں کا جواب دیا اور ایسے معاملات پر کام کیا جن کے نتیجے میں تقریباً 11,600 ٹکٹیں (جرمانے) یا ہرنوں کے شکار سے لے کر ٹھوس فضلہ ڈمپنگ، غیر قانونی کان کنی، پالتو جانوروں کی غیر قانونی تجارت، اور حد سے زیادہ اخراج کی خلاف ورزیوں پر گرفتاریاں ہوئیں۔ ECOs کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، https://www.dec.ny.gov/regulations/2437.html ملاحظہ کریں۔ گریجویشن کے بعد، بھرتی کردہ افراد کو DEC کے نو علاقوں میں سے ایک علاقے میں گشت کے لیے تفویض کیا جائے گا۔

ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے تیئسویں بنیادی اسکول برائے ECOs کے گریجویٹس کی فہرست ذیل ملاحظہ کریں:

Tyler Ableson، کورٹ لینڈ مینور
Michael Broughton، سٹیٹن آئلینڈ
Benjamin Clinger، رینڈلف
Timothy Day، بنگھیمٹن
Laura DeVito، شرلی
Kyle Farner، گوانڈا
Casey Giarratana، فلورل پارک
Christopher Goonan، سیراکیوز
Derek Hilton، ہنیبل
Frank Keegan، ٹرائے
Joan Korey، پائن باش
Abigail Kortz، ٹرائے
Justin McGhee، ہمپٹن بیز
Justin Rappold، البانی
Bradley Smith، پلین ویو
Brandon Swart، کازینوویا
Nicholas Vandenbos، واروک
Emilio Zullo، سومرز

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418